21-06-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔بین الاقوامی یوگا ڈے کے موقع پر تلنگانہ بھر میں یوگا تقاریب کا عظیم الشان طریقہ سے انعقاد۔

۲۔مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے کہا تلنگانہ کی ترقی کیلئے مرکزی حکومت کی جانب سے ہر طرح کا تعاون فراہم کیا جارہا ہے۔

۳۔ریاست کے 208 مراکز میں آج منعقدہ نیٹ امتحان کا پرامن اختتام۔

اور

۴۔ریاست میں کل سے تین دنوں تک بعض مقامات پر موسلادھار بارش کا امکان۔محکمہ موسمیات کی پیش قیاسی۔

Meenakshi Natarajan

تلنگانہ کانگریس امور کی انچارج میناکشی نٹراجن نے کہا ہے کہ ان کی راجیہ سبھا نامزدگی مسترد ہونے کے معاملہ میں بعض افراد جان بوجھ کر غلط پروپیگنڈہ کر رہے ہیں۔انھوں نے کہا کہ انھوں نے کسی اور سے استعفیٰ دلوا کر تلنگانہ سے راجیہ سبھا کی نشست حاصل نہیں کی۔ میناکشی بتایا کہ وہ مدھیہ پردیش سے تعلق رکھتی ہیں اس لئے وہ وہیں سے راجیہ سبھا کی نشست کی خواہشمند ہیں۔ انھوں نے واضح کیا کہ ان کے خلاف کوئی قانونی مقدمہ نہیں ہے۔صرف ایک مقدمہ کی تفصیل انتخابی حلف نامہ میں درج نہ کرنے کی وجہ سے الیکشن کمیشن نے ان کی نامزدگی مسترد کی۔انھوں نے بتایا کہ ان کی سیٹ چوری کی گئی ہے۔

Desk

Bandi Sanjay

مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت پر تنقید کرنا کانگریس اور بی آر ایس کے قائدین کا فیشن بن گیا ہے۔ کریم نگر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت تلنگانہ کی ترقی کے لئے ہر ممکن تعاون فراہم کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابقہ بی آر ایس حکومت اور موجودہ کانگریس حکومت سیاسی مفادات کیلئے مرکز پر الزامات عائد کررہے ہیں۔ بنڈی سنجے نے کہا کہ حیدرآباد کے ہائی ٹیک سٹی میں تمام انفارمیشن ٹکنالوجی کمپنیوں کو لانے کا دعویٰ بی آر ایس کا درست نہیں ہے کیونکہ غیر ملکی کمپنیاں مضبوط مرکزی حکومت اور ملک کی قیادت کو دیکھ کر سرمایہ کاری کے لئے آتی ہیں۔

PTC Karimnagar

BJP's Ramchander Rao

بی جے پی کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے الزام لگایا ہے کہ تلنگانہ میں کانگریس حکومت کو اقتدار میں آئے ڈھائی سال گزرنے کے باوجود انتخابی مہم کے دوران کئے گئے چھ ضمانتوں اور دیگر وعدوں پر عمل درآمد نہیں کیا گیا۔ انہوں نے اس سلسلہ میں وزیرِ اعلیٰ اے ریونت ریڈی کو ایک کھلا مکتوب لکھا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ عوامی مسائل اور ادھورے وعدوں کے بارے میں لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہول گاندھی کے ساتھ فوری ملاقات کا انتظام کیا جائے۔ رام چندر راؤ نے کہا کہ بھارتیہ جنتا پارٹی تلنگانہ کے عوام کی توقعات اور حکومت کے پورے نہ کئے گئے وعدوں کا معاملہ براہِ راست راہول گاندھی کے سامنے رکھنے کے لئے تیار ہے اور اس سلسلہ میں وزیر اعلیٰ سے فوری ردعمل ظاہر کرنے کا انہوں نے مطالبہ کیا۔

Desk

Konda Vishweshwar Reddy

چیوڑلہ کے رکنِ پارلیمنٹ کونڈاوشویشور ریڈی نے کہا ہے کہ ہر انسان کی صحت منداور خوشحال زندگی کے لئے یوگا ناگزیر ہے۔انہوں نے کہا کہ قدیم بھارتی یوگا طریقہ کارکو دنیا بھر میں متعارف کرواکر بین الاقوامی سطح تک پہنچانے کا سہراوزیرِ اعظم نریندر مودی کو جاتا ہے۔تانڈور میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے یہ بات کہی۔

Sound Byte - Konda Vishweshwar Reddy

PTC Vikarabad

SIIMH - Yoga...

حیدرآباد میں واقع نیشنل انسٹیٹیوٹ آف انڈین میڈیکل ہیرٹیج میں بین الاقوامی یومِ یوگا شاندار انداز میں منایا گیا۔تقریب میں عہدیدارن، ڈاکٹرس، محققین، عملے اور مقامی عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر ادارہ کے اسسٹنٹ ڈائرکٹر انچارج ڈاکٹر جی پی پرساد نے کہا کہ جسمانی مضبوطی اور ذہنی سکون کے لئے یوگا بہترین ہے۔انہوں نے کہا کہ آیورویداور یوگا کو روزمرہ زندگی کا حصہ بنا کر مکمل صحت حاصل کی جاسکتی ہے۔تقریب کے دوران عوام میں مفت جڑی بوٹیوں کے پودے اور صحت سے متعلق شعور بیداری پمفلٹس تقسیم کے گئے جبکہ آیورویدک طرزِ زندگی،متوازن غذااور گھریلو علاج کے بارے میں معلومات بھی فراہم کی گئیں۔

M.S.

Weather

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات کے مطابق ریاست میں کل سے آئندہ تین دنوں تک مختلف اضلاع میں کہیں کہیں موسلا دھار بارش کا امکان ہے۔محکمہ نے عادل آباد، کومرم بھیم آصف آباد، منچر یال، نرمل، نظام آباد، جۓشنکر بھوپال پلی، ملوگو، میدک اور کاماریڈی اضلاع کے لئے ایلو الرٹ جاری کیا ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق آج بھی بعض اضلاع میں ہلکی سے اوسط بارش ریکارڈ کی گئی جبکہ بیشتر اضلاع میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40 سے 43 ڈگری سنٹی گریڈ کے درمیان درج کیا جارہا ہے۔

Desk

Yoga Day

بین الاقوامی یوگا ڈے کے موقع پر تلنگانہ بھر میں یوگا تقاریب شاندار انداز میں منعقد کی گئیں۔ تمام ضلعی مراکز، اہم شہروں اور نمایاں مقامات پر منعقدہ یوگا پروگرامس میں عوامی نمائندوں، سرکاری حکام، طلبہ اور مختلف شعبہ حیات سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات نے جوش وخروش سے شرکت کی۔ ریاستی گورنر شیو پرتاپ شکلا نے کہا کہ جسمانی اور ذہنی صحت کے فروغ اور ذہنی دباؤ پر قابو پانے کے لئے یوگا ایک بہترین اور موثر ذریعہ ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ یوگا کو اپنی روزمرہ زندگی کا لازمی حصہ بنائیں۔ ریاستی وزرا دامودر راج نرسمہا اور پونم پربھاکر نے بھی عوام سے صحت مند تلنگانہ اور صحت مند بھارت کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کرنے اور یوگا کو اپنانے کی اپیل کی۔

All PTCs

Khammam – Yoga

کھمم کے سردار پٹیل اسٹیڈیم میں محکمہ آیوش اور ضلعی محکمہ امورنوجوانان وکھیل کود کے زیرِ اہتمام یوگا تقریب منعقد کی گئی جس میں یوگا کے ماہرین، طالبات اور طلبہ نے مختلف یوگا آسن کیئے۔ اس موقع پر ضلع کلکٹر دیواکر ٹی ایس نے کہا کہ یوگا ایک نہایت آسان عمل ہے جسے ہر شخص باآسانی سیکھ سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ یوگا کے ذریعہ تعلیم اور روزمرہ کے کاموں میں یکسوئی اورتوجہ میں اضافہ ہوتا ہے۔

Byte: Collector Diwakar T.S.

PTC - Khammam

Mancherial – Singareni

منچریال ضلع کے شری رام پور علاقہ میں کوئلہ کی پیداوار اور نقل وحمل مکمل شفافیت کے ساتھ انجام دی جارہی ہے۔یہ بات ایریا جنرل منیجر ایم سرینواس نے آج آکاش وانی کے نمائندہ سے بات کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ادارہ میں ایک کلو کوئلہ بھی چوری ہونے کا کوئی امکان نہیں ہے۔انہوں نے کہا جی پی ایف، آر ایف آئی ڈی، جیوفینسنگ ،نگرانی کیمروں اور وے برجس کے ذریعہ ہر ٹرک کی مسلسل نگرانی کی جاتی ہے۔انہوں نے مزید بتایا کہ جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے کوئلے کی نقل وحمل پر مسلسل نظر رکھی جارہی ہے۔

PTC - Mancherial

Mahabubabad - Kodandaram

تلنگانہ تحریک کے جہد کاروں کی شناخت کے عمل میں ایسے جہد کاروں، فنکاروں اور ادیبوں کو شناخت کرنے میں بعض مشکلات درپیش ہیں جن کے خلاف کوئی مقدمات درج نہیں ہیں۔ یہ بات تلنگانہ تحریک کے جہد کاروں کی نشاندہی سے متعلق کمیٹی کے رکن ایم کودنڈا رام نے کہی۔ محبوب آباد میں منعقدہ ضلعی سطح کے تحریک کے کارکنوں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جہد کاروں کی جانب سے پیش کی گئی درخواستوں اور مطالبات کو کمیٹی کے علم میں لاکر مناسب فیصلوں کے لئے اقدامات کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ ریاست کے حصول کے لئے جدوجہد کرنے والوں کو مناسب شناخت اور احترام ملنا چاہیئے۔

PTC - Mahabubabad

NEET

نیٹ۔یو جی 2026 کا دوبارہ امتحان تلنگانہ میں پرامن طور پر اختتام کو پہنچا۔ امتحان دوپہر دو بجے سے شام پانچ بج کر پندرہ منٹ تک منعقد کیا گیا۔ جسمانی طور پر معذور طلبہ کیلئے شام چھ بج کر پندرہ منٹ تک امتحان لکھنے کی سہولت فراہم کی گئی۔ بعض مقامات پر ایک منٹ تاخیر سے پہنچنے والے طلبہ کو بھی امتحانی مراکز میں داخلہ اور امتحان میں شرکت کی اجازت نہیں دی گئی۔ تلنگانہ میں تقریباً 72 ہزار 956 طلبہ نے نیٹ۔یو جی امتحان میں شرکت کے لئے رجسٹریشن کروایا تھا۔ ان طلبہ کے لئے ریاست بھر کے 24 شہروں میں مجموعی طور پر 208 امتحانی مراکز قائم کئے گئے تھے۔

Desk

Warangal - SIR

ایس آئی آر 2026ء سے متعلق عوام میں شعور بیداری کیلئے آج ورنگل میں 2K Run اورانسانی زنجیر کا اہتمام کیا گیا۔اس تقریب میں وردنا پیٹ کے رکن اسمبلی کے آر ناگاراجو نے شرکت کی۔ اس موقع پرانہوں نے اپیل کی کہ جمہوری حکمرانی کا فیصلہ کرنے کا عظیم موقع حق رائے دہی ہے اور تمام کو اس سے استفادہ کرنا چاہیئے۔ورنگل ضلع کلکٹر ڈاکٹر شاردھا نے ایس آئی آر 2026ء کے عمل میں عوام سے بھرپور تعاون پرزور دیا۔

PTC - Warangal

○○